عظمت حدیث

حضرت مولانا عبد الغفار حسن رحمانی کا شمار برصغیر کے ممتاز اہلحدیث علما میں ہوتا ہے جو اپنے معتدل مزاج اور متواضع شخصیت کے باعث تمام علمی حلقوں میں احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں اور برسہا برس تک تعلیمی خدمات سرانجام دینے کے بعد اب اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن کی حیثیت سے نفاذ اسلام کے محاذ پر سرگرم عمل ہیں۔

زیر نظر کتاب مولانا موصوف کے ان مقالات و مضامین پر مشتمل ہے جن میں انہوں نے حدیث نبوی ﷺ کے تعارف اور اس کی ضرورت و اہمیت کے ساتھ ساتھ منکرین حدیث کی طرف سے مختلف حوالوں سے حدیث کے خلاف پھیلائے جانے والے شبہات اور مغالطوں پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ کتاب میں مولانا عبد الغفار حسن کے والد محترم مولانا عبد الستار حسن' دادا محترم مولانا عبد الجبار عمرپوری اور فرزند ڈاکٹر صہیب حسن صاحب کے مقالات بھی شامل ہیں اور اس طرح یہ کتاب حدیث رسول ﷺ کی اہمیت و حجیت کے بارے میں ایک علمی خاندان کی چار پشتوں کے مقالات و مضامین کا قابل قدر مجموعہ بن گئی ہے۔

ساڑھے چار سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ۷۲ روپے ہے اور دار العلم' ۶۹۹ آب پارہ مارکیٹ اسلام آباد سے طلب کی جا سکتی ہے۔

ذکر الٰہی اور دعائیں

مولانا عبد الغفار حسن نے دعا کی اہمیت اور آداب کے ساتھ ساتھ قرآن کریم اور احادیث نبوی ﷺ سے اہم دعاؤں کا انتخاب پیش کیا ہے۔ صفحات ۸۰ ہیں۔ قیمت درج نہیں اور رباط العلوم الاسلامیہ ۲۶۸ عالمگیر روڈ کراچی سے حاصل کی جا سکتی ہے۔